**AQF / Shabbir**

**03-12-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج چنڈی گڑھ میں تین نئے فوجداری قوانین کے کامیاب نفاذ سے متعلق ہونے والی پیش رفت سے ملک کو واقف کرائیں گے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں معذور افراد کے بین الاقوامی دن 2024 کے موقع پر، معذور افراد کو بااختیار بنائے جانے کیلئے 33 معذور افراد اور اداروں کو قومی ایوارڈس عطا کریں گی۔

3 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سرمایہ کاری سمیت اقتصادی فیصلوں کیلئے قومی سلامتی کے فلٹرس کی بات پر زور دیا ہے۔

4 بھارت کی راست غیر ملکی سرمایہ کاری FDI میں 45 فیصد کا ریکارڈ اضافہ ہوا ہے اور یہ اس سال اپریل سے ستمبر کے دوران 29 ارب ڈالر سے زیادہ ہوگئی ہے۔

5 مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ کھیلو انڈیا نے 21 کھیلوں میں دو ہزار 781 اتھلیٹس کی نشاندہی کی ہے اور انھیں ضروری مدد فراہم کی جا رہی ہے۔

6 اور بھارت آج شام عمان کی راجدھانی مسقط میں مردوں کی ہاکی جونیئر ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں ملیشیا کا سامنا کرے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-CHANDIGARH**

وزیر اعظم نریندر مودی آج چنڈی گڑھ میں تین نئے فوجداری قوانین بھارتیہ نیائے سنہتا، بھارتیہ ناگرک سرکشا سہنتا اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم کے کامیاب نفاذ سے متعلق ہونے والی پیش رفت سے ملک کو واقف کرائیں گے۔ اِن نئے قوانین کا مقصد، جنھیں اس سال پہلی جولائی کو ملک گیر سطح پر نافذ کیا گیا تھا۔ ملک کے قانونی نظام کو مزید صاف ستھرا، موثر اور سماج کے عصری تقاضوں کے مطابق بنانا ہے۔ پروگرام کا موضوع ہے: ''محفوظ سوسائٹی، ترقی یافتہ بھارت، سزا سے انصاف تک''۔

اِس پروگرام میں اِن قوانین کے عملی نفاذ کا مظاہرہ کیا جائے گا کہ کس طرح یہ قوانین فوجداری انصاف کے منظر نامے کو پہلے ہی ایک نئی شکل دے رہے ہیں۔x

**PRESIDENT AWARDS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں معذور افراد کے بین الاقوامی دن 2024 کے موقع پر، معذور افراد کو بااختیار بنائے جانے کے لیے 33 معذور افراد اور اداروں کو قومی ایوارڈس عطا کریں گی۔ اِس موقع پر سماجی انصاف اور تفویضِ اختیارات کے وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار معذوری کے شکار افراد کو بااختیار بنانے کیلئے یکسر تبدیلی لانے والی بہبود کی مختلف 16 اسکیموں کے اقدامات کا بھی آغاز کریں گے۔ جس کا مقصد معذوری کے شکار افراد کی زندگیوں کو بااختیار بنانا ہے۔ اِن اقدامات میں شمولیت ، اختراع اور ٹیکنالوجی شامل ہیں جو بااختیار بنائے جانے کے محکمے کے عہد کو نافذ کرتے ہیں۔

کچھ کلیدی اقدامات میں **"Kadam Knee Joint", Pathways to access, Part III** اور **Braile Book Portal** کا آغاز شامل ہیں۔ اِس تقریب کا مقصد مختلف متعلقہ فریقوں کو ایک ساتھ لانا ہے تاکہ سماجی تبدیلی کی تحریک دی جا سکے اور سب کی شمولیت والی ایک سوسائٹی کے ویژن کا پھر سے اعادہ کیا جاسکے۔x

**PREZ ODISHA VISIT**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اوڈیشہ کا پانچ روزہ دورہ کریں گی جو آج سے شروع ہو رہا ہے۔ اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ پنڈت رگھوناتھ مرمو کے نئے مجسمے کی نقاب کشائی کریں گی اور بھونیشور میں **Adim Owar Jarpa Jaher** جائیں گی۔ وہ پوری میں شری جگن ناتھ مندر میں پوجا ارچنا بھی کریں گی۔ صدر جمہوریہ **Gopabandhu Ayurveda** مہا وددیالیہ کی 75 ویں سالانہ تقریب میں شرکت کریں گی اور بحریہ کے دن کی تقریب اور **Blue Flag Beach** پر عملی طور پر مظاہرہ میں شامل ہوں گی۔

اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ کل بھونیشور میں زراعت اور ٹیکنالوجی کی اوڈیشہ یونیورسٹی کے 40 ویں جلسہ تقسیم اسناد میں بھی شرکت کریں گی۔ وہ بھونیشور میں نئے **Judicial** کورٹ کمپلیکس کا بھی افتتاح کریں گی۔ اس کے بعد صدر جمہوریہ رائے رنگپور میں طلبا، اساتذہ اور گاؤں والوں سے بات چیت بھی کریں گی۔ اپنے دورے کے آخری دن صدر جمہوریہ رائے رنگ پور میں مختلف پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گی۔x

**JAISHANKAR NATIONAL SECURITY**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے سرمایہ کاری سمیت اقتصادی فیصلوں کیلئے، قومی سلامتی کے فلٹرز کی بات پر زور دیا ہے۔ وہ

نئی دلّی میں CII پاٹنرشپ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک اقتصادی فیصلوں کی بات ہے، تو پالیسی سازوں کو قومی سکیورٹی فلٹرز وضع کرنے ہوں گے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ تجارت میں احتیاط سے کام لینا ہوگا، کیونکہ دنیا میں تجارت اور سپلائی چین کی نوعیت ایسی ہوگئی ہے کہ قدیم احتیاطی تدابیر ہمیشہ کافی نہیں ہوتی ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے یہ تبصرہ ایسے وقت کیا ہے، جب چین کے جارحانہ تجارتی طور طریقوں پر عالمی سطح پر تشویش میں اضافہ ہوا ہے۔×

**FDI-GROWTH**

غیر ملکی راست سرمایہ کاری، FDI میں اِس سال اپریل سے ستمبر تک پچھلے مالی کے اسی عرصے کے مقابلے 45 فیصد کی خاطر خواہ نمو درج کی گئی ہے، جو 29 اَرب ڈالر سے زیادہ ہوگئی ہے۔صنعتوں کے فروغ اور داخلی تجارت کے محکمے کے مطابق FDI سے معیشت کے جن شعبوں کو فائدہ ہوا ہے، اُن میں کمپیوٹر سافٹ ویئر اور ہارڈویئر، ٹیلی کام، آٹو موبائل، دوائیں اور کیمیکل شامل ہیں۔ FDI کی آمد سے بہتر ٹیکنالوجی کے ساتھ معیشت میں زیادہ سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ جولائی سے ستمبر تک دوسری سہ ماہی میں بھی FDI کی آمد میں پچھلے سال اسی سہ ماہی کے مقابلے رواں مالی سال کے دوران 43 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جوکہ 13 اعشاریہ چھ اَرب ڈالر ہوگیا۔×

**BHUPENDER YADAV-COP-16**

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا میں تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے زمین کی تنزلی اور اس کے بنجر ہونے جیسے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے بھارت کے جامع اقدامات کی تفصیل بتائی ہے۔ انہوں نے زمین کے بنجر ہونے سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کنونشن کے COP-16 کے موقع پر کل سعودی عرب کی راجدھانی ریاض میں Drought Resilience سے متعلق وزارتی مذاکرات کے دوران ان اقدامات کا ذکر کیا۔

وزیر موصوف نے بھارت کے سفر کو، عزم، اختراع اور پائیدار ترقی کا انقلاب انگیز بیانیہ قرار دیا۔ بھوپیندر یادو نے کہا کہ بھارت غذائی تحفظ، آب وہوا میں تبدیلی اور ماحولیات کیلئے سازگار ملازمتیں پیدا کرنے جیسے چیلنجز کا سامنا کررہا ہے۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PARLIAMENT**

حکومت اور اپوزیشن پارٹیاں، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی جاری کارروائی کو بلارکاوٹ انجام دیے جانے کو یقینی بنانے کے لیے باہمی اتفاقِ رائے پر پہنچ گئی ہیں۔

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کو کل دوپہر پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں کے ساتھ بلائی گئی میٹنگ کے دوران یہ کامیابی حاصل ہوئی۔ پارلیمانی امور کے وزیر **Kiran Rijiju** نے بتایا ہے کہ سبھی پارٹیوں کے رہنماؤں نے کارروائی کو خوش اسلوبی سے انجام دیئے جانے سے اتفاق کیا۔ **x**

## VP MUMBAI VISIT

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج ممبئی کا ایک دن کا دورہ کریں گے۔ جناب دھنکھڑ کاٹن ٹیکنالوجی کے سینٹرل انسٹی ٹیوٹ فار ریسرچ کی صد سالہ یوم تاسیس تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے اور **Centrenary Pillar** کا بھی افتتاح کریں گے۔

اس موقع پر، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر مملکت رام ناتھ ٹھاکر، مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود ہوں گی۔**x**

## BIHAR EXAM CANCELLED

بہار میں، بڑے پیمانے پر پیپر لیک اور بے ضابطگیوں کے سبب کمیونٹی ہیلتھ افسران کے **4** ہزار **500** عہدوں کیلئے کرائے گئے آن لائن کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ بہار کی ریاستی ہیلتھ سوسائٹی نے بتایا ہے کہ جلد ہی امتحانات کی اگلی تاریخوں کا اعلان کردیا جائے گا۔ یہ امتحانات پٹنہ کے **12** مراکز پر اتوار اور پیر کے روز کرائے گئے تھے۔**x**

## BHOPAL GAS TRAGEDY

آج بھوپال گیس سانحہ کے **40** سال مکمل ہوگئے ہیں۔ یہ دنیا کے صنعتی حادثات میں مہلک ترین حادثہ تھا۔ اس موقع پر کُل مذاہب کی دعائیہ تقریب سمیت مختلف پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ گورنر منگو بھائی پٹیل دعائیہ تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس پروگرام میں بھوپال گیس سانحہ میں ہلاک ہونے والے لوگوں کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ پچھلے کچھ برسوں میں مرکزی حکومت کی آیوشمان بھارت اسکیم نے گیس سانحہ کے متاثرین کو حفظان صحت کی معیاری خدمات فراہم کی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Sanjeev Sharma**

وزیراعظم نریندر مودی کی ہدایت پر بھوپال گیس متاثرین اور ان کے بچوں کیلئے آیوشمان کارڈ بنائے جارہے ہیں۔ پچھلے ماہ تک **20** ہزار سے زیادہ گیس متاثرین کیلئے آیوشمان کارڈ بنائے گئے۔ اس کی وجہ سے گیس متاثرین کا اسپتالوں اور بھوپال گیس سانحہ سے متعلق راحت اور بازآبادکاری کے محکمے کے تحت **9** ڈسپنسریز نیز ریاست کے کنٹریکٹ والے تمام اسپتالوں میں مفت علاج ہورہا ہے۔ آیوشمان کارڈ ملنے

سے گیس متاثرین چاند بھائی اور محمد صابر کا علاج بھی آسان ہوگیا ہے۔ دوسری طرف تقریباً چار ہزار 406 گیس متاثرین بیواؤں کو، جوکہ ریاستی حکومت کی طرف سے سوشل سکیورٹی پنشن حاصل کررہی ہیں، پنشن کی رقم کے علاوہ بھوپال گیس راحت محکمہ کی طرف سے ماہانہ ایک ہزار روپے کی اضافی پنشن دی جارہی ہے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## NCC DG INTERVIEW WITH AKASHWANI

NCC کیڈٹس کو اُن کی اکاڈمیوں میں تربیت فراہم کرنے کی غرض سے تقریباً دو ہزار سابق فوجیوں کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک انٹرویو میں نیشنل کیڈٹ کور کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل Gurbeer Pal Singh نے کہا کہ NCC کے کیڈٹس اگنی ویر اسکیم میں پورے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لے رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ NCC اُن کیڈٹس کو بھی تربیت فراہم کر رہی ہے جو فوج میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔

لیفٹنٹ جنرل جناب سنگھ نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ تربیت کے دوران، کیڈٹس کو اختراعی اور ابھرتے ہوئے چیلنجوں کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی جاتی ہیں اور اسی کے مطابق اُن کی تربیت کی جارہی ہے۔ اُنھوں نے یہ بھی کہا کہ NCC کے کیڈٹس ماحولیاتی تحفظ میں بھی حصہ لے رہے ہیں، ساتھ ہی وہ ملک گیر پیمانے پر شجرکاری کی مہم 'ایک پیڑ ماں کے نام' میں بھی شامل ہو رہے ہیں، جس کا آغاز وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس سال 5 جون کو کیا تھا۔x

## MANDVIYA KHELO INDIA

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ کھیلو انڈیا اسکیم نے پیرا ایتھلیٹس سمیت سبھی 21 کھیلوں میں دو ہزار 781 ایتھلیٹس کی نشاندہی کی ہے اور کھیلو انڈیا ہنر کو فروغ دیے جانے کے پروگرام کے حصے کے طور پر انھیں ضروری مدد فراہم کی جا رہی ہے۔

لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں جناب مانڈویا نے کہا کہ کھیلو انڈیا اسکیم نے اپنے کھیلو انڈیا ہنر کے فروغ کے پروگرام کے ذریعے نشاندہی کی ہے اور ہنر کو فروغ دیا ہے تاکہ خصوصی رہنما خطوط اور اشاریوں پر مبنی پیرا ایتھلیٹس سمیت سبھی 21 کھیلوں میں ایتھلیٹس کو مدد فراہم کی جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ یہ مدد کوچنگ، آلات، طبی نگہ داشت اور ماہانہ جیب خرچ کی شکل میں فراہم کی گئی ہے۔

**HOCKEY JUNIOR ASIA CUP**

مردوں کے جونیئر ایشیا کپ ہاکی 2024 کے سیمی فائنل میں دفاعی چمپئن بھارت کا مقابلہ آج عمان کی راجدھانی مسقط میں ملیشیا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ اتوار کو بھارت، جنوبی کوریا کو آٹھ-ایک سے ہراکر پول-اے میں چوٹی پر پہنچ گیا۔ اَرشدیپ نے ہیٹرک اسکور کی، جبکہ Araijeet Singh Hundal نے بھارت کیلئے دو گول کئے۔ Rosan Kujur ،Gurjot Singh اور روہت نے ایک ایک گول کئے۔ Taehyeon Kim نے کوریا کیلئے واحد گول کیا۔ آج دوسرا سیمی فائنل پاکستان اور جاپان کے درمیان کھیلا جائے گا۔ مردوں کے دسویں ہاکی جونیئر ایشیا کپ کا فائنل کل ہوگا۔×

**PSA ONE HEALTH SESSION**

پرنسپل سائنٹفک مشیر پروفیسر اجے کمار سود نے کُل قومی ایک ہیلتھ مشن کے تحت کثیر جہتی اداروں کے ساتھ اشتراک کے امکانات تلاش کرنے کیلئے ایک اجلاس کی صدارت کی۔ اس اجلاس میں قومی ایک ہیلتھ مشن کے تحت بھارت کے بیماریوں کے مربوط کنٹرول اور وَبا سے متعلق تیاریوں کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ میٹنگ کے دوران پروفیسر سود نے مشن کو مزید مضبوط بنانے کیلئے تمام فریقوں کے ساتھ اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔×

**JITENDRA ITALY**

بھارت کے دورے پر آئے اٹلی کے سینئر وزیر Adolfo Urso نے دو طرفہ تعاون میں توسیع پر بات چیت کرنے کیلئے خلاء کے محکمے کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ سے ملاقات کی ہے۔ دونوں وزراء کی میٹنگ میں سائنس، ٹیکنالوجی، اختراع اور خلاء میں امکانات تلاش کرنے کی کوششوں میں اشتراک کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر سنگھ نے بھارت کی حصولیابیوں کو نمایاں کیا اور کہا کہ اسٹارٹ اَپ کے لحاظ سے ملک عالمی سطح پر تیسرے مقام پر ہے اور فعال معیشت میں Unicorns پھل پھول رہی ہیں۔ دونوں وزراء نے، دونوں ملکوں کے اسٹارٹ اَپ، تعلیمی اداروں اور پالیسی سازوں کے ساتھ رابطے کیلئے بھارت-اٹلی اختراع اور Incubation تبادلے کے پروگرام کی تجویز پیش کی تاکہ اختراع کے کلچر اور مشترکہ مہارت کو فروغ دیا جاسکے۔×

**PAK ARREST WARANTS**

پاکستان میں انسداد دہشت گردی کی ایک عدالت نے، پاکستان تحریک انصاف پارٹی کے بانی عمران خان، اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی، خیبر پختونخواہ کے وزیراعلیٰ، علی امین Gandapur اور پارٹی کے دیگر 93 لیڈروں کے خلاف غیر ضمانتی وارنٹ

جاری کئے گئے ہیں۔ یہ وارنٹس اسلام آباد میں حالیہ احتجاج کے دوران تشدد اور فساد پھیلانے کے الزامات کے بعد جاری کئے گئے ہیں۔ عمران خان نے 24 نومبر کو احتجاج کی اپیل کی تھی، اُن کی مانگ تھی کہ انتخابی مینڈیٹ کو بحال کیا جائے اور اُن کی پارٹی کے گرفتار کئے گئے ارکان کو رہا کیا جائے۔ اس احتجاج میں پرتشدد جھڑپیں ہوئیں، جس کے نتیجے میں 6 لوگوں کی جان چلی گئی۔ حکام نے PTI کے ارکان پر تشدد بھڑکانے، تباہی مچانے اور عوامی تحفظ کو خطرے میں ڈالنے کا الزام لگایا ہے۔×

**CYCLONE FENGAL TN**

سمندری طوفان فینجل نے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلائی ہے۔ پڈوچیری اور تمل ناڈو کے کچھ حصوں میں ریکارڈ بارش اور سیلاب آیا ہے۔ تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن نے مرکز سے اپیل کی ہے کہ وہ طوفان فینجل سے متاثرہ ریاست کیلئے امدادی فنڈ کے طور پر 200 کروڑ روپے فراہم کرے۔ انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کو اپنے خط میں لکھا ہے کہ نقصانات کا اندازہ دھان کے کھیتوں سے پانی نکلنے کے بعد لگایا جائے گا۔ تمل ناڈو میں سیلاب سے ہلاک ہونے والی ساتوں لاشیں Tiruvannamalai میں مٹی کے ملبے سے نکالی گئیں۔ ریاست میں بارش سے متعلق واقعات میں اب تک 13 افراد اپنی جان گنوا چکے ہیں۔ پڈوچیری میں بارش سے متعلق واقعات میں چار افراد ہلاک ہوئے، جبکہ دو دیگر لاپتہ ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ اور کئی اخباروں نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اِس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ریوینیو سروس افسران ملک کی اقتصادی سرحدوں کے مالک ہیں۔ اخبار لکھتا ہے کہ محترمہ مرمو نے پیر کے روز راشٹرپتی بھون میں انڈین ریوینیو سروس (کسٹم اور بالواسطہ ٹیکس) کے تربیت یافتہ افسران سے ملاقات کی۔ روزنامہ پرتاپ، ملاپ، راشٹریہ سہارا سمیت آج کے سبھی اخباروں نے بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کمار ترپاٹھی کے اِس بیان کو صفحۂ اول پر شائع کیا ہے کہ چین، پاکستانی بحریہ کو مضبوط کر رہا ہے۔ لیکن کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بھارت بھی تیار ہے۔

روزنامہ ملاپ، پرتاپ اور کئی اخباروں نے تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ماحولیاتی تحفظ دنیا کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ دلی NCR میں GRAP-4 جاری رہے گا۔ فضائی آلودگی پر سپریم کورٹ برہم۔

اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے پہلے صفحہ پر پیش کیا ہے۔ ساتھ ہی اسی اخبار کی ایک اور خبر ہے کہ روس کے صدر ولادیمیر پُتن اگلے سال بھارت کا دورہ کریں گے۔ مہاراشٹر میں چار دسمبر کو BJP اراکین اسمبلی کی میٹنگ کے لیے BJP نے، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور وجے روپانی کو مشاہد مقرر کیا ہے۔ اس خبرکو بھی کئی اخباروں نے اہمیت دی ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج چنڈی گڑھ میں تین نئے فوجداری قوانین کے کامیاب نفاذ کو ملک کو وقف کریں گے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں معذور افراد کے بین الاقوامی دن 2024 کے موقع پر، معذور افراد کو بااختیار بنائے جانے کیلئے 33 معذور افراد اور اداروں کو قومی ایوارڈس عطا کریں گی۔

3 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے سرمایہ کاری سمیت اقتصادی فیصلوں کیلئے قومی سلامتی کے فلٹرس کی بات پر زور دیا ہے۔

4 بھارت کی راست غیر ملکی سرمایہ کاری FDI میں 45 فیصد کا ریکارڈ اضافہ ہوا ہے اور یہ اس سال اپریل سے ستمبر کے دوران 29 ارب ڈالر سے زیادہ ہوگئی ہے۔

5 مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ کھیلو انڈیا نے 21 کھیلوں میں دو ہزار 781 اتھلیٹس کی نشاندہی کی ہے اور انھیں ضروری مدد فراہم کی جا رہی ہے۔

6 اور بھارت آج شام عمان کی راجدھانی مسقط میں مردوں کی ہاکی جونیئر ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں ملیشیا کا سامنا کرے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------